SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

June 7, 2016

ایس ای سی پی کی جانب سے صارفین کے تحفظ کے لئے تلافی فنڈ کے ریگولیٹری فریم ورک پر عوامی آراء طلب

اسلام آباد (۷ جون) وفاقی حکومت نے سکیورٹیز ایکٹ، ۲۰۱۵ کے تحت بنائے گئے صارفین تلافی فنڈ (قیام اور عملیہ) قواعد، ۲۰۱۶ کی منظوری دے دی۔ ایس ای سی پی نے ان قواعد کو مؤثر بنانے کے لئے مرکزی تحفظِ صارفین تلافی فنڈ ضوابط، ۲۰۱۶ کا مسودہ بھی تیار کر لیا ہے۔ عوامی آراء کے حصول کے لئے قواعد و ضوابط کے مسودے کی اطلاع سرکاری جریدے میں دی جا چکی ہے اور انہیں ویب سائٹ پر بھی رکھا جا چکا ہے۔

آراء پیش کرنے کی آخری تاریخ بالترتیب ۲۱ جون ۲۰۱۶ اور ۶ جولائی ۲۰۱۶ ہے۔ ان قواعد و ضوابط کے قیام کا مقصد سکیورٹیز بروکرز کے صارفین کے لئے سکیورٹیز ایکس چینجوں کی جانب سے مرکزی تحفظِ صارفین تلافی فنڈ کا قیام اور عملیہ ہے۔

یہ فنڈ بطور ٹرسٹ قائم کیا جائے گا جو نادہندہ بروکرز کے صارفین کی تلافی کرے گا۔ اس فریم ورک کا مقصد معقول اور مناسب ٹرسٹیز کے ذریعے فنڈ کا انصرام ہے۔ ان قواعد کو بین الاقوامی بہترین طور طریقوں اور آئیسکو کے سرمایہ کاروں کے تحفظ کے اصولوں کے مطابق بنایا گیا ہے۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk